


السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ ذاکری کی تربیتی کلاسز سے مکمل استفادہ فرمارہے ہوں گے۔

نویں ہفتے کے تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔ ایک درس نسبتاً طویل ھے جسے قسطوں میں سنا جاسکتا ھے

امید ہے کہ آپ مختصر مدت کی مجلس اپنے انداز میں پڑھ کر ریکارڈ کر کے سن رہے ہوں گے اور ناقدانہ اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے۔

اگر ممکن ہو تو اپنا تاثرات ہمیں بھیجتے رہا کریں تاکہ ہمیں اندازہ رہے کہ طالب علم ان دروس سے کس قدر استفادہ کر رہے ہیں۔

والسلام

انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

# اس ہفتے کے دروس

## مجالسِ عزا میں شرکت کے 62 آداب

https://www.youtube.com/watch?v=fsYXhhJ-1_Q

https://vimeo.com/477961416

--------------------------------------------------------------------------------

## ذاکرین وذاکرات کے لئے چند مفید مشورے

https://www.youtube.com/watch?v=5ykF-Yo9F6k

https://vimeo.com/477967953

--------------------------------------------------------------------------------

## معصومین کو خوش کرنے والی مجلس اور عزاداری کے خدّوخال

https://www.youtube.com/watch?v=OxWhA_ngYT0

https://vimeo.com/477971450

# اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ


روزِ قیامت غم اور بدبختی
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
حضرت امیرالمومنین
امام علی علیہ السّلام نے فرمایا
جس کی ساری فکر و لگن
دنیا ہی ہوگی
اُس کا غم اور بدبختی روزِ قیامت بہت زیادہ ہوگی۔
(تجلیاتِ حکمت۔سیّد اصغر ناظم زادہ قمّی۔صفحہ505)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


اُمّت کے بدترین لوگ
حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے حضرت ابوذر غفاریؓ سے فرمایا
اے اباذر۔! عنقریب میری اُمّت میں ایک ایسا گروہ ہوگا
جو نازونعمت میں آنکھ کھولے گا، انکی ساری ہمتیں قسم قسم کے
کھانے اور اچھے پہننے پر ختم ہوں گی اور لوگ صرف زبانی
انکی تعریفیں کریں گے
یہ میری اُمّت کے بدترین لوگ ہیں۔۔
(کتاب: مکارم اخلاق)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ



# سیرتِ رسولؐ اللہ سے تبرّکات کا جواز

حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کی شادی کی
شب رسولؐ اللہ نے وضو کرکے وضو کا باقیماندہ پانی دونوں کے سر، چہرے
اور بدن پر چھڑکا اور خداوندِ متعال سے ان کے لئے
اور ان کی نسل کے لئے برکت کی دعا کی۔ (**قندوزی**، **ص**175-174 **و** 197-196)

---

امام علیؑ فرماتے ہیں: "جنگ خیبر" میں میری آنکھویں دُکھ رہی تھیں
تو رسولؐ اکرم نے میری آنکھوں کو چھوا اور اِس کے بعد
میری آنکھوں میں کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ (**قندوزی**، **ینابیع المودہ**، **ص**286)

---

رسولؐ اللہ نے اپنے وضو کا پانی ایک بیمار کے اوپر چھڑکا تو وہ شفایاب ہوا۔
(**صحیح بخاری**، **ج**1، **ص**201)

---

رسولؐ اللہ نے اعمال حج انجام دینے کے بعد اپنے سر کے بال منڈوا کر
مسلمانوں کے درمیان تقسیم کئے۔
(**بیہقی**، **ج**7، **ص**68؛ **ابن کثیر**، **ج**5، **ص**189)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
صبح کی نیند... رزق سے محرومی
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
صبح کی نیند رزق سے محروم کر دیتی ہے۔
(ہدیۃ الشیعہ، آیت اللہ مشکینی)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

امام جعفرِ صادق علیہ السّلام نے فرمایا


تم اپنے ماں باپ کے ساتھ سعادت مندی سے پیش آنے کی ریت ڈالو۔ تمہاری اولاد تمہارے واسطے فرماں برداری کا مظاہرہ کرتی رہے گی۔۔

(بحارالانوار۔ جلد ۱۷)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


اپنی زندگی کو اِس طرح گزارئیے
حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا
اگر تمہاری خواہش کے مطابق
کام نہ ہو سکے
تو جس حال میں بھی رہو خوش رہو۔
نہج البلاغہ، حکمت 69
www.facebook.com/madrasatulqaaim


اگر نیکی کی ترغیب دینا
اور برائی سے منع کرنا چھوڑ دیا تو؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
تم پر کیسی گذرے گی
جب تمہاری عورتیں فاسد
اور جوان فاجر ہوں گے
یہ اس وقت ہو گا کہ جبکہ لوگ
امر بالمعروف اور نہی از منکر کرنا
چھوڑ دیں گے۔
(وسائل الشیعہ
جلد11۔صفحہ396)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اللہ کا ذکر اور درود




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو قوم کسی جگہ جمع ہو
اور اللہ کا ذکر نہ کرے
اور مجھ پر صلوات نہ پڑھے
تو ایسی محفل ان لوگوں کیلئے
پشیمانی کا باعث بنے گی۔

مستدرک الوسائل۔جلد 5۔صفحہ 351

www.facebook.com/madrasatulqaaim


پلِ صراط پر سے آسانے سے گزرنے کیلئے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا
گزشتہ شب میں نے عجیب خواب دیکھا
میں نے اپنی اُمّت کے ایک شخص کو دیکھا
جو پل صراط سے گزر رہا تھا اور ہر قدم پر
لغزش کر رہا تھا پس میں نے دیکھا جو صلوات
اُس نے مجھ پر بھیجی تھی اُس کی برکت سے
ایک شخص آیا اور اس کے ہاتھ پکڑ کر
سلامتی کے ساتھ اسے پلِ صراط سے عبور کرادیا۔
(آثارِ برکاتِ صلوات۔صفحہ 143)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



جلدی نہ کریں!
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا
اپنی حاجتوں کو قبل از وقت مانگنے میں
جلدی نہ کرو ایسا نہ ہو
کہ تمہارا دل تنگ ہو جائے
اور نا اُمیدی تمہیں ڈرانے لگے۔
(بحارالأنوار(ط-بيروت)؛ج75؛ص379)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کے پیرو کار

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

بے شک جعفرؑ کا شیعہ اور پیرو کار وہ ہے
جو اپنے شکم و دامن کو حرام سے بچاتا ہے
اور خدا کی اطاعت کیلئے بہت زیادہ کوشش کرتا ہے
اور فقط اپنے خالق کی رضا کیلئے عمل انجام دیتا ہے
اور خدا سے ثواب و جزا کی امید رکھتا ہے
اور اس کے عذاب سے ڈرتا ہے
اگر اس قسم کے لوگ نظر آئیں
تو وہ جعفرؑ کے شیعہ و پیروکار ہیں۔

(الخصال؛ ج1؛ ص296)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


حقیقی مسلمان کون؟
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو شخص صبح کرتا ہے
اور اُمورِ مسلمین کیلئے کوشش نہیں کرتا
تو اس میں مسلمان والی کوئی شے نہیں
اور اگر ایک مسلمان سے
مظلوم مدد کی درخواست کرے
اور وہ اسے قبول نہ کرے
تو حقیقی مسلمان نہیں ہے۔
(بحارالانوار۔جلد75۔صفحہ1)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


درود اللہ کی
رحمت کا
سبب ہے
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
محمد
اللهم صل وسلم علی محمد وآله
امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
صلوات پڑھنے سے
رحمتِ خدا شامل حال ہوتی ہے۔
(مستدرک الوسائل۔جلد 5۔صفحہ 341)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# سب سے بڑی چیز

بے شک نماز بے حیائی اور بُرائی سے روکتی ہے
اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے
اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے جانتا ہے۔

القرآن
سورۃ العنکبوت29
صفحہ45

إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ
عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ
وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ
وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# سلمانِ محمدیؓ کی سیرت

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت سلمانؓ محمدی
اور ایک شخص کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہو گیا تو اس شخص نے
حضرت سلمانؓ سے کہا کہ تو ہے کون؟ اور تیری اوقات کیا ہے؟
(وہ حضرت سلمانؓ کی توہین کرنا چاہتا تھا) تو حضرت سلمانؓ نے کہا
کہ تیری اور میری دونوں کی ابتدا ایک پلید اور ناپاک نکتے سے ہوئی ہے
اور دونوں کی انتہا ایک بدبو دار مردار پر ہو گی
پس جب قیامت کا دن ہو گا
اور اعمال کا وزن کرنے کیلئے ترازو لگایا جائے گا
تو جس کے نیک اعمال زیادہ ہوں گے وہ کریم
اور جس کے نیک اعمال کم ہوں گے وہ پست و حقیر ہو گا۔

(من لا یحضرہ الفقیه، ج4، ص404)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



شرافت کیا ہے؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
انسان کی شرافت
راتوں کو کھڑے رہ کر
عبادت کرنے میں ہے
اور اس کی عزّت
لوگوں سے بے نیازی میں ہے۔
(امالی شیخ صدوق۔ مجلس 41۔ حدیث 5)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


عیادت کرنے والے کیلئے ستّر ہزار فرشتوں کی دعا
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو کسی مریض کی عیادت کیلئے جاتا ہے
تو ستّر ہزار فرشتے اُس کے احترام میں
اس کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں
اور اس کے گھر لوٹنے تک اس کیلئے
مغفرت و بخشش کی دعا کرتے رہتے ہیں۔
(الكافي (ط-الأسلامية)؛ج3؛ص120)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# غرور کیوں کیا جاتا ہے؟



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

کوئی تکبّر اور غرور نہیں کرتا
مگر اس ذلّت اور پستی
(احساسِ کمتری) کی وجہ سے
کہ جو وہ اپنے اندر پاتا ہے۔

(الكافي (ط-الإسلامية)؛ ج2؛ ص312)

www.facebook.com/madrasatulqaaim



قبر، پلِ صراط اور جنّت میں نور
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا
مجھ پر کثرت سے صلوات بھیجو
کہ مجھ پر درود بھیجنے کی برکت سے
درود بھیجنے والے کیلئے ایک نور قبر میں
اور ایک نور پلِ صرط پر
اور ایک نور جنّت میں ہوتا ہے۔
(آثارِ برکات صلوات۔صفحہ 141)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


قیامت کے دن سب سے پہلی عبادت کا حساب
حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا
قیامت کے دن
جس عبادت کا
سب سے پہلے
حساب لیا جائے گا
وہ نماز ہے۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 119)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی دعا قبول ہو؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کوئی بندہ جو کچھ رات کے گزرنے کے بعد
اُٹھ کر دو رکعت نماز بجالائے
اور اپنے سجدوں میں چالیس مومن بھائیوں کا نام
اور ان کے باپوں کا نام لے کر دعا کرے
اور خداوندِ عالم سے کچھ مانگے تو خداوندِ عالم اُسے عطا فرماتا ہے۔
خصال شیخ صدوق
باب الواحد۔حدیث92
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


تین مستجاب الدعوات افراد
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا
تین آدمیوں کی دعا
رَد نہیں ہوتی:
سخی، بیمار اور توبہ کرنے والا۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 110)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# لوگوں سے اچھے انداز سے گفتگو کرو!

سلیمان بن مہران کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں
حاضر ہوا جبکہ ان کے حضور کچھ شیعہ افراد موجود تھے
اور امامؑ ان سے فرما رہے تھے:
اے ہمارے شیعوں! ہمارے لئے باعثِ زینت بنو
اور باعثِ ذلت و ننگ و عار نہ بنو
لوگوں کے ساتھ اچھے انداز میں گفتگو کرو
اپنی زبان کی حفاظت کرو
فضول گفتگو اور بدکلامی سے پرہیز کرو۔

(الأمالي (للطوسي)؛النص؛ص440)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# محتاجگی سے بچنے کا بہترین حل



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص رزق و روزی کی تھوڑی مقدار پر
راضی ہو جاتا ہے
خداوند اس کے اعمال کی کم مقدار کو
قبول کر لیتا ہے
اور جو اپنے حلال مال کی تھوڑی مقدار پر
راضی اور قانع ہو جاتا ہے اُس کا خرچ کم ہو جاتا ہے
اور اُس کی کمائی پاک و پاکیزہ ہو جاتی ہے
اور وہ محتاجی کی زندگی سے باہر نکل آتا ہے۔



(تحف العقول؛ النص؛ ص377)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مسلمان اور مومن

حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

**مسلمان وہ ہے**
**کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے**
**دوسرے لوگ محفوظ رہیں**
**اور مومن وہ ہے کہ جس پر لوگ**
**اپنے مال و جان کے سلسلے میں**
**اعتماد و اطمینان کریں۔**

(معاني الأخبار، النص، ص239)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# موت کی سختی دور کرنے کیلئے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو یہ پسند کرتا ہے کی خداوندِ متعال سکراتِ موت
(موت کی سختیوں) کو اس پر آسان کردے تو اس کو چاہیئے
کہ اپنے قرابتداروں اور رشتے داروں سے صلہ رحمی کرے
اور اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرے
جب وہ ایسا کرے گا تو خداوندِ متعال موت کی سختیوں
اور دشواریوں کو اس پر آسان فرما دے گا
اور زندگی میں کبھی بھی فقر و تنگدستی میں مبتلا نہیں ہو گا۔

(الآمالی (للطوسی)؛ النص؛ ص432)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مومن کی علامات

امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: مومن کی پانچ علامتیں ہیں:

1۔ دن بھر میں پچاس رکعت نماز پڑھنا

2۔ اربعین پر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا

3۔ سیدھے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

4۔ خاک پر سجدہ کرنا

5۔ اور نماز میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھنا۔

(تهذيب الأحكام (تحقيق خرسان)؛ ج6؛ ص52)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ناقص درود پڑھنے والا جنّت کی خوشبو سے محروم

حضرتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجتا ہے
خداوند اُس کے مقابلے میں
اُس پر صلوات بھیجتا ہے اور فرماتا ہے:
زیادہ صلوات پڑھو
اور جو صرف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجتا ہے
اور اہلِ بیتؑ پر نہیں بھیجتا
وہ جنّت کی خوشبو تک نہیں سونگھ سکے گا۔

(بحارالانوار۔جلد94۔صفحہ 48،56)





www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# نمازوں کے اوقات کا خیال رکھیئے

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**نماز پڑھا کرو کیونکہ نماز تو ایمانداروں پر وقت معیّن کر کے فرض کی گئی ہے۔**

(ارشاداتِ رسولؐ۔ صفحہ 119)




www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم


ہرِ نماز کے وقت...
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا
ہر نماز کے وقت اپنے اپنے منہ سیدھے کر لیا کرو
اور اللہ کیلئے خالص عبادت کرکے اس سے دعا مانگو۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔ صفحہ 115)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# غَیبت کے دور میں اہم ترین ذمّہ داریاں

امام باقرؑ نے دورانِ غیبت شیعوں کی ذمہ داریوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

لیعن قویکم ضعیفکم و لیعطف غنیکم علی فقیرکم و لینصح الرجل اخاه النصیحة لنفسه

تم میں سے صاحبانِ قدرت، ضعیفوں کی مدد کریں
غنی اور مالدار، فقیروں کی دستگیری کریں
اور ہر انسان اپنے بھائی کو مفید نصیحت کرے۔

بشارة المصطفی لشیعة المرتضی، عماد الدین طبری الآملی ص 113.
مکیال المکارم، ج2، ص 290

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
بُخل سے بڑھ کر
کونسی بیماری لا علاج ہے؟
(هدية الشيعه۔آیت اللہ علی مشکینی)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بُرے کاموں کی پلاننگ نہ کریں





قرآن میں **اللہ** تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ:

مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ
إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ
وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ

جو شخص بھی عزّت کا طلبگار ہے وہ سمجھ لے کہ عزّت سب پروردگار کے لئے ہے
پاکیزہ کلمات اُسی کی طرف بلند ہوتے ہیں اور عمل صالح انہیں بلند کرتا ہے
اور جو لوگ برائیوں کی تدبیریں کرتے ہیں اُن کے لئے شدید عذاب ہے
اور اُن کا مکر بہرحال ہلاک اور تباہ ہونے والا ہے۔
(سورۃ الفاطر۔ آیت 10)

www.facebook.com/madrasatulqaaim




حضرت امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو نہایت ہی خوبصورت انداز میں لکھا کرو۔

(وسائل الشیعہ۔ جلد 8۔ صفحہ 495)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حرام کی کمائی کا نقصان

